© rasailojaraid.com


وسلم نے فرمایا، "میری سب امت جنت میں داخل ہو گی مگر جس نے انکار کیا" کہا گیا "کس نے انکار کیا؟" فرمایا "جس نے میری اطاعت کی جنت میں داخل ہو گا اور جس نے میری نافرمانی کی پس اس نے انکار کیا۔"

آخر میں استدعا ہے کہ اس عریضہ میں پیش کردہ گزارشات اور تبلیغی کلمات کو اپنے مقتدیوں، طلباء اور سامعین تک پہنچائیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں عمل کی توفیق نصیب کریں۔

جزاکم اللہ احسن الجزاء!

شعر و ادب

جناب راسخ عرفانی

# روشنی روشنی!

دھندلی دھندلی فضاؤں میں گم ہے نظر، المدد اے خدا روشنی روشنی
گردِ شب نے اڑایا ہے رنگِ سحر، المدد اے خدا روشنی روشنی
نور ڈوبا ہے ظلمت کے سیلاب میں، پڑ گئی ہیں دراڑیں سی مہتاب میں،
کھو گئی دھول میں رہگذر رہگذر، المدد اے خدا روشنی روشنی!
پھیلتا جا رہا ہے دھواں ہی دھواں، اک نیا آسماں ہے تہِ آسماں
گھر کے دھندلا گئے ہیں سارے دیوار و در، المدد اے خدا روشنی روشنی
ماہ و انجم نگاہوں سے اوجھل ہوئے، رتجگوں سے پپوٹے بھی بوجھل ہوئے
تاب کھو بیٹھے ہیں آنسوؤں کے گہر، المدد اے خدا روشنی روشنی!
اپنی ذاتِ مقدس کی پہچان دے، مجھ کو میرِ حرم کا بھی عرفان دے،
میں ہوں نورِ بصیرت کا دریوزہ گر، المدد اے خدا روشنی روشنی
تیرے جود و کرم کی نہیں انتہا، تو جو چاہے تو پتھر سے پھوٹے ضیاء
میرے لفظوں پہ بھی وا ہو بابِ اثر، المدد اے خدا روشنی روشنی
دھیمی دھیمی سی لَو تیز تر ہے ہوا، تیری رحمت کا راسخ کو ہے آسرا
مطلقاً بجھ نہ جائے چراغِ بصر، المدد اے خدا روشنی روشنی!


© rasailojaraid.com